سوال

حدیث (وَسَلَّمَ : "يَتْبَعُ الدَّجَّالَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا عَلَيْهِمُ السِّيجَانُ) کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

میں نے مشکوۃ شریف کی جلد سوم مکتبہ دارالاشاعت سے چھپی ہوئی کے صفحہ نمبر٤٦ پر حدیث پڑھی :

"5254وعن ابی سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يتبع الدجال من امتي سبعون الفا عليهم السيجان رواه في شرح السنه"

"ابو سعید خدری کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں سے ستر ہزار آدمی جن کے سروں پر سبز چادریں پڑی ہوں گی دجال کی اطاعت قبول کرلیں گے "

اسکی سند اوراور صحت درکار ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ان الفاظ سے مروی یہ روایت سخت ضعیف اورناقابل احتجاج ہے ، حدیث کے الفاظ اور سند یہ ہیں-

أَخْبَرَنَا أَبُو سَعِيدٍ الطَّاهِرِيُّ ، أَنَا جَدِّي عَبْدُ الصَّمَدِ الْبَزَّازُ ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَدَافِرِيُّ ، أَنَا إِسْحَاقُ الدَّبَرِيُّ ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ ، أَنَا مَعْمَرٌ ، عَنْ أَبِي هَارُونَ الْعَبْدِيِّ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : " يَتْبَعُ الدَّجَّالَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا عَلَيْهِمُ السِّيجَانُ ". (شرح السنۃ:4198)

ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :

میری امت میں سے ستر ہزار ایسے افراد دجال کی پیروی کریں گے ، جن پر سبز چادریں ہوں گی

(الضعیفہ : 20825)اسنادہ ضعیف جدا۔)

اس روایت کی سند میں ابوہارون عمارہ بن جوین عبدی متروک وکذاب راوی ہے ۔ (التقریب)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی